India-EU Leaders’ Meeting (May 08, 2021)

May 06, 2021

ہندوستان- یورپی یونین کے رہنماؤں کے مابین میٹنگ (08 مئی، 2021)

06 مئی، 2021

1- یورروپی کونسل کے صدر جناب چارلس مشیل کی دعوت پر، وزیر اعظم جناب نریندر مودی 08 مئی 2021 کو یورروپی کونسل کے اجلاس میں بطور خصوصی مدعو شرکت کریں گے۔ ہندوستان- یورپی یونین کے رہنماؤں کے مابین میٹنگ کی میزبانی پرتگال کے وزیر اعظم جناب انتونیو کوسٹا کر رہے ہیں۔ اس وقت پرتگال یورروپی یونین کے کونسل کا صدر ہے۔

2- وزیر اعظم تمام 27 یورپی یونین کے ممبر ممالک کے سربراہان مملکت یا حکومت کے ساتھ میٹنگ میں شریک ہوں گے۔ اس سال کے مارچ میں یورروپی یونین +27 اس سے پہلے صرف ایک بار ہی اس فارمیٹ میں امریکی صدر کے ساتھ ملاقات کی ہے۔ قائدین کووڈ-19 وبائی مرض اور صحت سے متعلق تعاون پر تبادلہ خیال کریں گے، اور مزید برآں، پائیدار اور جامع ترقی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ، ہندوستان- یورروپی یونین اقتصادی شراکت کو مضنبوط کرنے کے علاوہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور کو مستحکم کرنے پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔

3- ہندوستان- یورروپی رہنماؤں کی میٹنگ یورپی یونین ممبر ممالک کے تمام رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کا ایک بے مثال موقع ہے۔ یہ ایک اہم سیاسی سنگ میل ہے، اور جولائی 2020 میں ہونے والے 15 ویں ہندوستان- یورپی یونین سربراہ اجلاس کے بعد سے بڑھتے ہوئے تعلقات کو مزید تقویت بخشے گا۔

نئی دہلی

06 مئی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.